Serial No.of Answer book ....

MRD-E/XII (A)

اُردو (لازمی) جماعت نہم

Roll No. ....

Fic. No. ....

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

Fic. No. ....

اُردو (لازمی) جماعت نہم

وقت: 20 منٹ

سیکشن (معروضی)

کل نمبر: 15

نوٹ۔ اس حصے کے لیے یہی شیٹ استعمال کریں۔ کاٹ کر، مٹا کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جواب پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب کر کے سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) وہ مومن نہ ہوگا جس کا ______ اس کی شرارتوں سے بچا ہوا نہ ہو۔ (الف) پڑوسی (ب) رشتہ دار (ج) دوست (د) ساتھی

(ii) ''ایک خادمِ خلق کی کہانی'' کا مصنف ______ ہے۔ (الف) مولوی عبدالحق (ب) شبلی نعمانی (ج) چوہدری فضل حق (د) رئیس احمد

(iii) سیدھی انگلیوں ______ نہ نکلے گا۔ (الف) پانی (ب) تیل (ج) گھی (د) چائے

(iv) ''لگتا نہیں ہے جی مرا اجڑے دیار میں'' ______ کا مصرعہ ہے۔ (الف) میرؔ (ب) حسرتؔ (ج) جگرؔ (د) ظفرؔ

(v) مدرسہ نظامیہ بغداد کے بانی کا نام ______ تھا۔ (الف) محمد بن قاسم (ب) نظام الملک (ج) سیف الملک (د) سرسیّد

(vi) ہاپڑ کی دو چیزیں مشہور ہیں پاپڑ اور ______۔ (الف) مونگ پھلی (ب) لڈو (ج) عبدالحق (د) ٹماٹر

(vii) نظم ''درّہ خیبر'' کے شاعر کا نام ______ ہے۔ (الف) اکبرؔ (ب) اقبالؔ (ج) حالیؔ (د) حفیظ جالندھری

(viii) نتیجہ یہ ہوا کہ نورخان ______ سے آگے نہ بڑھے۔ (الف) فوجداری (ب) دفعداری (ج) زمینداری (د) تیمارداری

(ix) ''پھول میں گر آن ہے کانٹے میں بھی ایک شان ہے'' ______ سبق سے لیا گیا ہے۔ (الف) نورخان (ب) چھلانگ (ج) تکمیل (د) گلی ڈنڈا

(x) جب غدر پڑا تو ماہ عالم کی ______ بیمار تھی۔ (الف) والدہ (ب) خالہ (ج) بہن (د) پھوپھی

(xi) گاندھی جی ______ بازار میں نہیں بکتی! (الف) عزت (ب) وفاداری (ج) شرافت (د) عقل

(xii) قدم چومے اس مٹی نے اکثر ______ کے۔ (الف) بادشاہوں (ب) شہزادوں (ج) گداؤں (د) امیروں

(xiii) ہمارا دل گردہ دیکھیے کہ ہم ______ بجاتے بجاتے اُکتاتے نہیں۔ (الف) بانسری (ب) بین (ج) باجا (د) تالی

(xiv) غزل کے آخری شعر کو ______ کہتے ہیں۔ (الف) مطلع (ب) فرد (ج) مقطع (د) اختتامیہ

(xv) سے، میں، پر ______ کہلاتے ہیں۔ (الف) حروف جار (ب) حروف عطف (ج) حروف اضافت (د) حروف تخصیص

Result.PK

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

MRD-E/XII (A)

اُردو (لازمی) جماعت نہم

کل نمبر: 60　　　　　　　　　　　　وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

سیکشن ''ب''

سوال نمبر 2۔ مندرجہ ذیل میں سے (9) نو اجزاء کے جوابات لکھیں۔ تمام کے نمبر برابر ہیں۔ (36)

i۔ حضرت عائشہؓ نے نبی کریم ﷺ کے اخلاق کے بارے میں کیا فرمایا تھا؟

ii۔ خادم خلق نے ایک عورت اور دو بچوں کو کیسے بچایا؟　iii۔ صاحب خانہ کو اپنے گھر میں آرام و سکون کیوں نہ مل سکا؟

iv۔ قائداعظم نے پٹھانوں کی تعریف کرتے ہوئے کیا فرمایا؟　v۔ مصنفہ نے جاپان کو خالص الخاص مردوں کا شہر کیوں کہا ہے؟

vi۔ مولانا الطاف حسین کے نزدیک حسب کی برتری کا انحصار کن باتوں پر ہے؟

vii۔ گاؤں کے چوپال کا نقشہ اپنے الفاظ میں لکھیں۔　viii۔ متضاد لکھیں: حقیقت ، خشک ، بوڑھا ، خاموش

ix۔ جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ معنی واضح ہو جائے: خلاف معمول، بہ ہزار دقت، آستیں چڑھانا، کان پکڑنا

x۔ حروف اضافت کسے کہتے ہیں؟ کوئی سے دو مثالیں دے دیں　xi۔ نظم ''درہ خیبر'' کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

xii۔ درسی کتاب میں مرزا محمود سرحدی کی کون سی نظم شامل ہے اور یہ کس ملک کے لوگوں کے بارے میں لکھی گئی ہے؟

سیکشن ''ج''

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے صرف (3) تین سوالات کے جوابات لکھیں۔ تمام کے نمبر یکساں ہیں۔ (24)

سوال نمبر 3۔ سیاق و سباق کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔

(الف) خود مختار سلطنتوں میں کوئی شے رائے کی آزادی اور خاص کر بادشاہوں کے چال چلن پر آزادانہ رائے دینے سے زیادہ خطرناک نہیں ہوتی مگر شیخ نے جن کے وقت میں ہر بادشاہ حاکم علی الاطلاق تھا اس فرض کو پورا پورا ادا کیا۔ سلاطین عہد کے اخلاقی عیب اور ان کی بدخصلتیں جس طرح آپ نے بیان کی ہیں آزاد سلطنتوں میں بھی اس سے زیادہ لکھنا مشکل ہیں۔ مگر آپ نے ایسے لطیف پیرایوں میں ان پر چوٹیں کی ہیں کہ کسی کو اس پر گرفت کرنے کا موقع نہیں ملا۔

(ب) کامل مطلق بجز ذات باری تعالیٰ کے اور کوئی نہیں ہے۔ پس جو کچھ خدا نے کیا یا کہا وہ تو اپنی قسم میں کامل ہے اور اس کے سوا اور کوئی چیز جو انسان نے کی ہو یا کہی ہو کامل نہیں ہے۔ کیونکہ قابل سہو و خطا ہونا انسان کی شان سے ہے۔ اگر یہ بات اس طرح پر نہ ہوتی تو انبیاءؑ پر وحی نازل ہونے کی ضرورت نہ رہتی۔ پس ان تمام چیزوں کو جو انسان سے ایجاد ہوئی ہیں یا نتائج عقلِ انسانی ہیں ان کو کامل سمجھ لینا ہماری ٹھیٹ غلطی اور ہمارے تنزل و ادبار کی ٹھیک نشانی ہے۔

سوال نمبر 4۔ شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کریں۔

(الف)
گرغایتِ گفتار سے مسحور ہے محفل　　رنگینیٔ گفتار، خدا دیکھ رہا ہے۔
جلوت میں تو کچھ پاس رہا خلقِ خدا کا　　خلوت میں بھی سرکار، خدا دیکھ رہا ہے۔

(ب)
وہ اک رسی میں پورا لاؤ لشکر باندھ لائے ہیں　　یہ بستر میں ہزاروں تیر و نشتر باندھ لائے ہیں۔
صراحی سے گھڑا، روٹی سے دسترخوان لڑتا ہے　　مسافر خود نہیں لڑتا مگر سامان لڑتا ہیں۔

سوال نمبر 5۔ شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک غزل پارے کی تشریح کریں۔

(الف)
لے گیا چھین کے کون آج ترا صبر و قرار　　بے قراری تجھے اے دل کبھی ایسی تو نہ تھی
تیری آنکھوں نے خدا جانے کیا کیا جادو　　کہ طبیعت مری مائل کبھی ایسی تو نہ تھی۔

(ب)
کرنوں کو یادوں کی طرح راہ سفر آسان ہے　　تو مہرتابانِ حیاتِ مہرباں ، آہستہ جا۔
اک بار مڑ کر دیکھ لیں آنکھوں میں آنسو تو نہیں　　تو منزلوں کی آرزو ہے بے گماں، آہستہ جا۔

Result.pk

Result.PK